احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

بدھ 10 فروری 2010ء

روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

# الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

بدھ 10 فروری 2010ء 25 صفر 1431 ہجری 10 تبلیغ 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 33

## نامۂ اعمال

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔

قیامت کے دن ایک آدمی کے پاس اس کا کھلا ہوا اعمال نامہ لایا جائے گا وہ اس کو پڑھے گا، پھر کہے گا اے میرے رب میں نے دنیا میں فلاں فلاں نیک کام کئے تھے وہ تو اس میں نہیں ہیں تو اللہ تعالیٰ جواب دے گا کہ لوگوں کی غیبت کرنے کی وجہ سے وہ نیکیاں تمہارے نامہ اعمال سے مٹا دی گئی ہیں۔

(کنزالعمال جلد3صفحہ 236حدیث نمبر 8044کتاب الاخلاق من قسم الاقوال)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

## عفوو درگزر اور باہمی محبت

تم آپس میں جلد صلح کرواور اپنے بھائیوں کے گناہ بخشو۔ کیونکہ شریر ہے وہ انسان کہ جو اپنے بھائی کے ساتھ صلح پر راضی نہیں۔ وہ کاٹا جائے گا کیونکہ وہ تفرقہ ڈالتا ہے۔ تم اپنی نفسانیت ہر ایک پہلو سے چھوڑ دو اور باہمی ناراضگی جانے دو۔ اور سچے ہوکر جھوٹے کی طرح تذلل کرو تا تم بخشے جاؤ۔ نفسانیت کی فربہی چھوڑ دو کہ جس دروازے کے لئے تم بلائے گئے ہو اس میں سے ایک فربہ انسان داخل نہیں ہوسکتا۔

کیا ہی بدقسمت وہ شخص ہے جو ان باتوں کو نہیں مانتا جو خدا کے منہ سے نکلیں اور میں نے بیان کیں۔ تم اگر چاہتے ہو کہ آسمان پر تم سے خدا راضی ہو تو تم باہم ایسے ایک ہو جاؤ جیسے ایک پیٹ میں سے دو بھائی تم میں زیادہ بزرگ وہی ہے جو زیادہ اپنے بھائی کے گناہ بخشتا ہے اور بدبخت ہے وہ جو ضد کرتا ہے اور نہیں بخشتا۔ سو اس کا مجھ میں حصہ نہیں خدا کی لعنت سے خائف رہو کہ وہ قدوس اور غیور ہے۔''

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد19 ص 12)

''جو شخص نہیں چاہتا کہ اپنے قصور وار کا گناہ بخشے اور کینہ پرور آدمی ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔''

(کشتی نوح ۔ روحانی خزائن جلد19ص 19)

''کیا ہی خوش قسمت وہ لوگ ہیں جو اپنے دلوں کو صاف کرتے ہیں اور اپنے دلوں کو ہر ایک آلودگی سے پاک کر لیتے ہیں اور اپنے خدا سے وفاداری کا عہد باندھتے ہیں۔ کیونکہ وہ ہرگز ضائع نہیں کیے جائیں گے۔ ممکن نہیں کہ خدا ان کو رسوا کرے۔ کیونکہ وہ خدا کے ہیں اور خدا ان کا۔ وہ ہر ایک بلا کے وقت بچائے جائیں گے۔ احمق ہے وہ دشمن جو ان کا قصد کرے۔ کیونکہ وہ خدا کی گود میں ہیں اور خدا ان کی حمایت میں۔''

(کشتی نوح ۔روحانی خزائن جلد19ص 12تا20)

''میں نہیں چاہتا کہ میری جماعت والے آپس میں ایک دوسرے کو چھوٹا یا بڑا سمجھیں' یا ایک دوسرے پر غرور کریں یا نظر استخفاف سے دیکھیں۔ خدا جانتا ہے کہ بڑا کون ہے۔ یا چھوٹا کون ہے یہ ایک قسم کی تحقیر ہے جس کے اندر حقارت ہے۔ ڈر ہے کہ یہ حقارت بیج کی طرح بڑھے اور اس کی ہلاکت کا باعث ہو جائے۔ بعض آدمی بڑوں کو مل کر بڑے ادب سے پیش آتے ہیں۔ لیکن بڑا وہ ہے جو مسکین کی بات کو مسکینی سے سنے اس کی دلجوئی کرے اس کی بات کی عزت کرے کوئی چڑ کی بات منہ پر نہ لاوے کہ جس سے دکھ پہنچے ............ جو شخص کسی کو چڑاتا ہے وہ نہ مرے گا جب تک وہ خود اسی طرح مبتلا نہ ہوگا۔ اپنے بھائیوں کو حقیر نہ سمجھو۔ جب ایک ہی چشمہ سے کل پانی پیتے ہو، تو کون جانتا ہے کہ کس کی قسمت میں زیادہ پانی پینا ہے۔''

﴿ملفوظات جلد 1ص 23﴾

## ایک احمدی کا اعزاز

مکرم ملک لال خاں صاحب امیر جماعت احمدیہ کینیڈا تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے کینیڈا کے صوبہ اونٹاریو کی حکومت نے مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب مشنری انچارج یو ایس اے کو مورخہ 28 جنوری 2010ء کو صوبہ کے سب سے بڑے اعزاز ''آرڈر آف انٹاریو (Order of Ontario)'' سے نوازا ہے۔

صوبہ اونٹاریو کے لیفٹینینٹ گورنر نے مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب کو یہ اعزاز دیا۔ ان کو یہ اعزاز ان کی مذہبی اقدار کے فروغ اور مختلف مذاہب کے درمیان یک جہتی اور تعاون بڑھانے کی کوششوں کے لئے دیا گیا ہے۔ اس ایوارڈ کی سفارش ممبر صوبائی اسمبلی اور سابق وزیر خزانہ صوبہ اونٹاریو گریگ سوربارا (Greg Sorbara) نے کی تھی۔

لیفٹینینٹ گورنر نے اونٹاریو کے 29 ممتاز شہریوں کو یہ اعزاز دیتے وقت کہا کہ ''ان لوگوں نے اپنی ذہانت سے ایسی نئی راہیں کھولی ہیں جن سے ہمارے صوبہ اور ہمارے ملک میں بہتری پیدا ہوئی ہے۔''

آرڈر آف انٹاریو 1986ء سے دیا جارہا ہے اور یہ صوبہ کا سب سے بڑا اعزاز ہے اور ان لوگوں کو دیا جاتا ہے جنہوں نے کسی بھی شعبہ زندگی میں انسانیت کی بہبود کے لئے کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ہوں۔ یہ ایوارڈ ادب، تعلیم، سائنس، میڈیسن، کمیونٹی سروس، پبلک سروس اور سپورٹس کے میدان میں کارہائے نمایاں پر دیا جاتا ہے۔ اور جن لوگوں کو یہ دیا جاتا ہے وہ صوبہ کے دوسرے شہریوں کے لئے ایک مثال کے طور پر پیش کئے جاتے ہیں۔

آپ کو اس سے قبل حکومت کینیڈا کی طرف سے گورنر جنرل ایوارڈ اور کوئین ایوارڈ بھی دیا جا چکا ہے۔

احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مکرم مولانا کو یہ اعزاز مبارک کرے اور غلامانِ حضرت مسیح موعود کو ہر میدان میں اپنے آپ کو منوانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

# بحر عرفان۔ روحانی زندگی کے راز

## حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات 2009ء کے موضوعات

مرتبہ: مکرم محمد محمود طاہر صاحب

### جمعہ اور درود کی برکات آلِ رسولؐ کا عظیم مقام

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 2 جنوری | 2009ء |
| الفضل | 17 فروری | 2009ء |

قمری و شمسی لحاظ سے سال کا پہلا جمعہ۔ جمعہ کے دن کو حضرت مسیح موعود سے خاص نسبت، جمعہ دعاؤں کی طرف متوجہ کرنے والا ہے۔ دعاؤں کی قبولیت اور محرم کے حوالہ سے درود شریف پر بہت زور دیں۔ درود شریف کی برکات، آل رسولؐ اور اصحاب رسولؐ حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ کا مقام، نئے سال کی مبارکباد۔

### وقف جدید کے نئے سال کا اعلان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 9 جنوری | 2009ء |
| الفضل | 24 فروری | 2009ء |

ہر قسم کی برکات درود شریف کے ساتھ وابستہ کر دی گئی ہیں۔ انفاق فی سبیل اللہ کی اہمیت و برکات۔ اللہ کی رضا کا حصول ہی مومن کے لئے جنت ہے۔ مال کی قربانی ایمان میں ترقی کے ساتھ محبت اور اخلاص کی مظہر ہے۔ وقف جدید کے نئے سال کا اعلان اور اس کے کوائف شاملین کی تعداد 5 لاکھ 37 ہزار نفوس سے زائد ہے۔ پاکستان اول، امریکہ دوم اور برطانیہ سوم۔

### اللہ تعالیٰ کی صفت کافی کا بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 16 جنوری | 2009ء |
| الفضل | 3 مارچ | 2009ء |

اللہ تعالیٰ کی صفت کافی کے لغوی معانی اور دینی تعلیمات کی روشنی میں اس کی پُرمعارف تشریح۔ اللہ تعالیٰ کے احکامات انسانی وسعت کے اندر ہیں۔ اللہ بندے کے لئے کافی ہے۔ فلسطینیوں کے لئے دعا اور مالی امداد کی تحریک

### صفت کافی کا مزید بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 23 جنوری | 2009ء |
| الفضل | 17 مارچ | 2009ء |

سورۃ الزمر آیات 33 تا 38 کی تلاوت۔ اللہ تعالیٰ جس طرح پہلے ہمارے لئے کافی تھا۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی کافی ہوگا۔ اطمینان قلب کے لئے نیکیاں کرتے ہوئے قناعت پیدا کریں۔ مخالفین کی دھمکیاں نہ پہلے دین حق کا کچھ بگاڑ سکی تھیں اور نہ اب بگاڑ سکتی ہیں کیونکہ اللہ اپنے بندہ کے لئے کافی ہے۔ اللہ ہر احمدی کو اپنی حفاظت میں رکھے۔ مکرم سعید احمد صاحب آف کوٹری اور مکرم رانا محمد خان صاحب ایڈووکیٹ بہاولنگر کا ذکر خیر۔

### اللہ تعالیٰ کی صفت کافی کا پُرمعارف بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 30 جنوری | 2009ء |
| الفضل | 11 مارچ | 2009ء |

سورۃ الحاقہ آیت 45 تا 48 کی تلاوت۔ صفت کافی کا ظہور اس کے اپنے بندوں کی تائیدات و نصرت سے ہوتا ہے۔ حضرت مسیح موعود پر پانچ مواقع ایسے آئے جب جان و عزت خطرے میں پڑ گئی مگر اللہ نے آپ کو بچایا اور دشمن ناکام ہوئے۔ جماعت کی مدد اور نصرت کا سلسلہ جاری ہے۔ باوجود کمی وسائل کے خدا کا ہاتھ ہمارے ساتھ ہے اور ہر کام اور ہر کوشش میں وہی کفایت کرتا ہے۔

### صفت الہادی کا تذکرہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 6 فروری | 2009ء |
| الفضل انٹرنیشنل | 20 فروری | 2009ء |

اللہ کی صفت الہادی کے تحت اللہ تعالیٰ کی ربوبیت اور آنحضرتؐ کے عظیم الشان مقام کا اظہار۔ ہادی خدا ہدایت کی طرف لانے کے لئے صفت ربوبیت سے بھی کام لیتا ہے۔ زمانہ تاریکی سے بھر جاتا ہے تو خدائے رحمٰن کی طرف سے ایک امام نازل ہوتا ہے۔ صراط مستقیم کی دعا میں روحانی نظام کے راہنما کے لئے اشارہ ہے۔ چند مرحومین کا تذکرہ۔

### صراط مستقیم کی دعا میں روحانی و مادی ترقیات کے نکات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 13 فروری | 2009ء |
| الفضل | 25 مارچ | 2009ء |

سورۃ فاتحہ میں صراط مستقیم کے حوالے سے حضرت مسیح موعود نے روحانی اور مادی ترقی کے لئے جو نکات بیان فرمائے ان میں سے چند کا تذکرہ۔ اس دعا میں رہبانیت کا رد ہے۔ حقیقی نیکی پر قدم مارنا، اعتدال اور میانہ روی صراط مستقیم ہے۔ بنی نوع انسان کی ہمدردی اس دعا میں داخل ہے۔

### پیشگوئی مصلح موعود اور اس کا عظیم الشان ظہور

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 20 فروری | 2009ء |
| الفضل | 7/اپریل | 2009ء |

پیشگوئی مصلح موعود کے اعلیٰ شان سے پورا ہونے اور حضرت مصلح موعود کا عظیم الشان مقام و مرتبہ۔ پیشگوئی کی مختلف علامات اور حضرت مصلح موعود کی ذات میں ان کا شاندار ظہور۔ مصلح موعود کی پیشگوئی کا دن ایمانوں کو تازہ کرنے اس عہد کو یاد کرنے کے لئے مناتے ہیں کہ ہمارا اصل مقصد دین حق کی سچائی اور خدا کی حکومت کو دنیا میں قائم کرنا ہے۔

### اللہ تعالیٰ اپنے خاص بندے بھیجتا اور ہدایت کے رستے دکھاتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 27 فروری | 2009ء |
| الفضل | 14/اپریل | 2009ء |

اللہ تعالیٰ دلوں کو پاک اور صاف کرتا ہے۔ ہر زمانے میں اپنے خاص بندوں کو ہدایت کے لئے بھیجتا ہے اور سعید فطرتوں کو ہدایت دیتا ہے۔ ہدایت کے نظارے آنحضرتؐ کے زمانے میں۔ حضرت مسیح موعود کی تائید کی مثالیں۔ پاکستان کے حالات اور دعا کی تلقین۔ چند مرحومین کا تذکرہ۔

### جماعت احمدیہ کے قیام کی غرض و غایت اور جماعت سے نیک توقعات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 6 مارچ | 2009ء |
| الفضل | 21/اپریل | 2009ء |

حضرت مسیح موعود نے مختلف مواقع پر جماعت کے قیام کی غرض و غایت اور افراد جماعت کو ذمہ داریوں کی طرف متوجہ کیا ہے۔ ابتلاء آئیں گے اور آزمایا جائے گا۔ نیکی کے اعلیٰ معیار حاصل کریں۔ پاک نمونہ پیش کریں۔ جماعت نے بہرحال پھیلنا ہے۔

### سیرۃ النبیؐ اور اتباع نبویؐ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 13 مارچ | 2009ء |
| الفضل | 28/اپریل | 2009ء |

12 ربیع الاول کے حوالہ سے سیرۃ النبی کا ایمان افروز مضمون، سچی اتباع نبویؐ انسان کو خدا کا محبوب بنا دیتی ہے۔ آپؐ کے اوصاف حمیدہ کا تذکرہ اور اس پر عمل کی تلقین۔ دعاؤں پر زور دیں اور اسوۂ رسولؐ کے مطابق اپنی زندگی بنائیں۔

### ابتلاء میں صبر کرنے والے روحانی ترقیات پاتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 20 مارچ | 2009ء |
| الفضل | 5 مئی | 2009ء |

جماعت احمدیہ 120 سال سے ابتلاؤں اور مشکلات کے باوجود ہدایت کی روشنی پھیلا رہی ہے۔ قدرت ثانیہ سے جڑے رہنے والے ہی محفوظ رہیں گے۔ بلغاریہ، ہندوستان، پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے مظالم کا تذکرہ۔ احمدی ہمیشہ اپنے وطن کے باوفا رہے اور آج بھی رہیں گے۔ ملتان کے شہداء

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع: ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ قیمت 5 روپے

اور دیگر مرحومین کا تذکرہ۔

## اللہ تعالیٰ کی صفت ستار کا پُر معارف بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 27 مارچ | 2009ء |
| الفضل | 19 مئی | 2009ء |

اللہ تعالیٰ کی صفت ستار۔ اللہ بندوں کے عیب اور کمزوریوں کو چھپاتا اور حیا و پردہ پوشی کو پسند کرتا ہے۔ مومنوں پر اللہ کی ستاری کے پردے شمار سے باہر ہیں۔ کسی پر عیب نہ لگاؤ، بدظنی، غیبت اور تجسس سے پرہیز کریں۔ برائی دیکھ کر اصلاح کی غرض سے سمجھائیں۔ نظام جماعت کو آگاہ کریں اور عہدیداران بصیغہ راز رکھ کر اصلاح کا کام کریں۔

## اللہ تعالیٰ کی صفت ستار کا مزید بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 3/اپریل | 2009ء |
| الفضل | 26 مئی | 2009ء |

اللہ تعالیٰ ستار ہے وہ بندے کو فوری نہیں پکڑتا بلکہ اسے توبہ و استغفار کا موقع دیتا ہے۔ حقیقی مومن وہ ہیں جو خدا سے ستاری طلب کریں۔ اللہ تعالیٰ نے میاں بیوی کو ایک دوسرے کا لباس ٹھہرایا ہے جس کا مقصد ننگ ڈھانکنا ہے۔ ایک دوسرے کے عیب چھپائیں۔ لباس تقویٰ کا حصول اللہ کی طرف جھکے بغیر ممکن نہیں۔

## تخلیق کائنات پر غور ہستی باری تعالیٰ پر یقین مضبوط کرتا ہے

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 10/اپریل | 2009ء |
| الفضل | 12 مئی | 2009ء |

آل عمران آیات 192,191 کی تلاوت، عقلمند وہ ہے جو تصرف ایام کو دیکھتے ہوئے احسان مند اور شکرگزار ہوں۔ اللہ نے روحانی روشنی ہماری روحانی ترقی کے لئے بھیجی ہے۔ زمین و آسمان کی پیدائش پر غور سے خدا کی ہستی پر یقین محکم ہوتا ہے۔ مذکورہ آیات کا کلام دین حق اور آنحضرتؐ کی صداقت پر یقین پیدا کرتا ہے۔ سچی فراست اور سچی دانش اللہ کی طرف رجوع کے بغیر حاصل نہیں ہوتی۔ اللہ کے عبادت گزار بنیں۔

## اللہ تعالیٰ کی صفت لطیف

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 17/اپریل | 2009ء |
| الفضل | 2 جون | 2009ء |

اللہ تعالیٰ کی صفت لطیف کا پُر معارف بیان۔ اللہ تعالیٰ نے متعدد مقامات پر اپنی مہربانیوں کا ذکر صفت لطیف کے ساتھ باندھا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی صفت لطیف کے تحت ہدایت کے نور سے خود منور کرتا ہے۔ ہدایت کا نور سب سے زیادہ انبیاء اور ان میں سے سب سے بڑھ کر حضرت محمدؐ کو ملا۔ روحانی زندگی روحانی پانی سے ملتی ہے۔ اللہ لطیف ہے لیکن وہ قوی و عزیز بھی ہے یعنی اس کی پکڑ بھی سخت ہوتی ہے۔

## اللہ تعالیٰ کی صفت النافع کا بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 24/اپریل | 2009ء |
| الفضل | 9 جون | 2009ء |

حقیقی نافع الناس خدا کی ذات ہے۔ آنحضرتؐ نے راہنمائی فرمائی ہے کہ ہم کس طرح نافع الناس بن سکتے ہیں۔ صدقہ دینا، لوگوں کو نفع پہنچانا اور انسانوں کی ہمدردی کرنا ہر ایک کا فرض ہے۔ اپنے آپ کو نافع بنانے کے لئے نیک اعمال کے ساتھ ساتھ دعاؤں سے خدا کی مدد حاصل کریں۔

## صفت النافع کا مزید تذکرہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | یکم مئی | 2009ء |
| الفضل | 16 جون | 2009ء |

کائنات کی ہر چیز اللہ کی پیدا کردہ ہے اور اسی کے اذن سے نفع رساں بھی ہے اور نقصان پہنچانے والی بھی بن سکتی ہے۔ روحانی پانی کو جذب کر کے اس سے فائدہ اٹھانے کے لئے دلوں کی زرخیزی ضروری ہے۔ مومنوں کی منزل مقصود اللہ تعالیٰ کی رضا اور دنیا و آخرت کی بھلائی ہے۔ اللہ مخالف ہواؤں کو بدل دیتا ہے اور اپنے بندوں کے لئے تائیدی ہوائیں چلاتا ہے۔ ہمارا نافع خدا ہمیں ہر آن نفع پہنچاتا چلا جا رہا ہے۔

## اللہ تعالیٰ کی صفت الواسع کا بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 8 مئی | 2009ء |
| الفضل | 23 جون | 2009ء |

الواسع کا مطلب ہے وہ ذات جس کا رزق اس کی ساری مخلوق پر حاوی ہے جس کی رحمت ہر چیز پر حاوی ہے جس کا غنی ہونا ہر احتیاج پر حاوی ہے۔ شیطان فقر سے ڈراتا اور فحشاء کا حکم دیتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ بخشش اور فضل کا وعدہ کرتا ہے۔ نیک اعمال کرنے والوں کو اجر دینے کے لئے اللہ نے اپنے فرشتوں کا نظام متحرک کیا ہوا ہے۔ ایک مومن کا کام ہے کہ اس کی رحمت کے حصول کی کوشش کرتا رہے۔

## صفت الواسع۔ بیویوں کے حقوق اور حسن سلوک کی تلقین

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 15 مئی | 2009ء |
| الفضل | 30 جون | 2009ء |

صفت الواسع کے تسلسل میں بعض آیات کی روشنی میں ایسے مضامین بیان فرمائے جن کا تعلق ہماری روزمرہ زندگی اور ہماری اخلاقی و روحانی حالتوں سے ہے اللہ اپنے وسیع تر علم کی وجہ سے ہمارے ہر عمل کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ بیویوں کے حقوق ان سے حسن سلوک کی تلقین۔ آنحضرتؐ کا اس بارہ میں اسوہ اور اس پر عمل کی تلقین۔ بیوی کو کالمعلقہ نہ چھوڑیں۔ رشتوں کے فیصلے جذبات میں آ کر نہ کریں۔ یتیم کے مال کی حفاظت کریں۔

## تزکیہ نفس اور اس کے حصول کی کوشش

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 22 مئی | 2009ء |
| الفضل | 7 جولائی | 2009ء |

سورۃ النجم آیت 33 کی تلاوت۔ پاکیزگی کا دعویٰ نہ کرو بلکہ اللہ ہی نفسوں کو پاک کرتا ہے۔ گناہوں اور فواحش سے بچنے کی تلقین تزکیہ نفس حاصل کرنے کا حکم ہے۔ مومن گناہوں اور بے حیائی سے رکتا ہے۔ نفس کی پاکیزگی صرف وہی پاتے ہیں جو خشیت الٰہی اپنے دل میں رکھتے ہیں۔ اخلاقی برائیوں سے بچیں۔

## انسان کو اس کی وسعت کے مطابق مکلّف بنایا گیا ہے

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 29 مئی | 2009ء |
| الفضل | 14 جولائی | 2009ء |

سورۃ البقرہ آیت 287 کی تلاوت و تشریح۔ انسان کو اس کی وسعت اور استعدادوں کے لحاظ سے احکامات کا مکلّف بنایا گیا ہے۔ اللہ کی قدرتوں کا کوئی کنارہ نہیں۔ اللہ کے احکام انسانی طاقت کے اندر ہیں۔ سچی خوابیں اللہ ہر ایک انسان کو دکھاتا ہے تا انبیاء کی وحی کا ادراک ہو۔ بھول چوک پر اللہ بخشش سے کام لیتا ہے۔

## آیت الکرسی کی پُر معارف تشریح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 5 جون | 2009ء |
| الفضل | 21 جولائی | 2009ء |

آیت الکرسی کی تلاوت۔ اس میں موجود صفات الٰہیہ کی تشریح۔ آیات کی سردار آیت الکرسی۔ آیت الکرسی میں خدا تعالیٰ کے جامع الصفات اور وسیع تر ہونے کا مضمون، سچے اور کامل شفیع آنحضرتؐ کی شفاعت نیک اعمال سے مشروط ہے۔ قرآن کریم کی تعلیم پر غور و تدبر، عمل، ہدایت اور عرفان الٰہی کی نئی سے نئی راہیں کھولتا ہے۔ چند مرحومین کا تذکرہ۔

## وسع مکانک کی پیشگوئی اور اس کا شاندار ظہور

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 12 جون | 2009ء |
| الفضل | 28 جولائی | 2009ء |

انبیاء کے ساتھ اللہ کا عجب سلوک ہے وہ چھپتے ہیں لیکن انہیں باہر نکالتا ہے۔ آنحضرتؐ چھپ کر عبادت کرتے لیکن جب حکم ہوا کہ پیغام پہنچاؤ تو عرب سے بھی باہر پیغام پہنچ گیا۔ حضرت مسیح موعود کو وسع مکانک کا الہام ہوا اور ایسا شاندار ظہور ہوا۔ نئی تعمیرات 14 ہزار 715 بیوت الذکر و مراکز ہو چکے ہیں۔ جماعت کبابیر کا جلسہ اور ان کو تقویٰ کی نصیحت۔ مرحومین کا تذکرہ۔

## اللہ تعالیٰ کی صفت رافع

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 19 جون | 2009ء |
| الفضل | 4/اگست | 2009ء |

اللہ کی ایک صفت رافع ہے جو مومنوں کو نیک اعمال کے بدلے بلند مقام عطا کرتا ہے۔ آنحضرتؐ کا وجود مجمع الانوار ہے۔ آپؐ احسن تقویم پر مخلوق تھے۔ مسیح موعود کی جماعت دین کی تعلیم پھیلانے میں مصروف ہے۔ حضرت مسیح موعود کے بعد نظام خلافت اللہ کی تائید و نصرت سے میناروں کو اونچا کرنے کے لئے اپنے مفوضہ کام کر رہی ہے۔ حقیقی مومن کو اس کی تجارت اور دوسرے کام عبادت الٰہی اور حقوق العباد کی ادائیگی سے غافل نہیں کرتے۔

## اللہ کے ذکر کو بلند کرنے والے ہی بلند مقام پاتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 26 جون | 2009ء |
| الفضل | 11/اگست | 2009ء |

گزشتہ خطبہ کے مضمون کا تسلسل۔ وہی لوگ بلند مقام پاتے ہیں جو اللہ کے ذکر کو بلند کرنے کے ساتھ عبادتوں اور اعمال صالحہ کی طرف توجہ کرتے ہیں۔ خدا

کی عبادت قرب الٰہی پانے اور دلی اطمینان کے حصول کے لئے ہونی چاہئے۔ نماز سے دین اور دنیا دونوں سنور جاتے ہیں۔ عبادتوں کے معیار کے حصول کی طرف توجہ۔ محترمہ صاحبزادی امۃ القیوم صاحبہ اور دیگر مرحومین کا تذکرہ۔

## صفت الرافع کا بیان کتب مسیح موعود خریدنے اور پڑھنے کی تلقین

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 3 جولائی | 2009ء |
| الفضل | 18 اگست | 2009ء |

اللہ کی ذات ہی الرافع ہے جو ہر قسم کی بلندی عطا کرتی ہے۔ اس کی رفعت و بلندی کا احاطہ انسانی عقل نہیں کر سکتی۔ رفع الی اللہ کے مضمون پر روشنی۔ اس زمانے میں حضرت مسیح موعود کی کتب ہی ہیں جو حق و باطل کے معرکے میں دلائل و براہین سے مخالف کا منہ بند کرنے والی ہیں۔ نظام جماعت بھی بچوں کو مطالعہ کتب کی ترغیب دلائے۔ کتب خریدیں اور پڑھیں اور ان سے دلیلیں لیں۔ مکمل سیٹ رکھنا چاہئے۔

## صفت الرافع کا مزید بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 10 جولائی | 2009ء |
| الفضل انٹرنیشنل | 24 جولائی | 2009ء |

گزشتہ مضمون کا تسلسل۔ رفع الی اللہ کا مضمون۔ اللہ ہر نبی کو بلند مقام عطا کرتا ہے۔ آنحضرتؐ سب سے پیارے نبی اور لوگوں میں ارفع و اعلیٰ مقام رکھتے تھے۔ مومنوں کا بھی رفع ہوتا ہے۔ رفع میں مومن شیطان کی زد سے بچ جاتا ہے اور اس کے ہاتھ نہیں آتا۔ بڑا درجہ انسان کا اسی میں ہے کہ وہ اپنے اندر موجود شیطان کو ہلاک کر دے۔

## مہمان نوازی کا اعلیٰ خلق جلسہ کے مہمانوں کی خدمت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 17 جولائی | 2009ء |
| الفضل | یکم ستمبر | 2009ء |

مہمان نوازی ایسا خلق ہے جس کا قرآن میں ذکر ہے۔ آنحضرتؐ مہمان نوازی کے وصف میں امتیازی شان رکھتے تھے۔ حضرت مسیح موعود اپنے مہمانوں کا بہت خیال رکھتے تھے۔ آپ کی مہمان نوازی کے واقعات۔ مہمانوں کی کثرت کے بارے میں الہام ہوئے۔ آپ بشاشت سے خدمت کرتے آج ہمارا فرض ہے کہ اس وصف کو زندہ رکھیں۔ جلسہ UK کے مہمانوں کی اعلیٰ خدمت کریں۔ دو مرحومین کا تذکرہ۔

## جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر مہمانوں اور میزبانوں کو نصائح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 24 جولائی | 2009ء |
| الفضل | 8 ستمبر | 2009ء |

حدیقۃ المہدی ہمپشائر سے جلسہ سالانہ برطانیہ 2009ء کے موقع پر مہمانوں اور میزبانوں کو تربیتی و انتظامی امور کے بارہ نصائح۔ جلسے پر آنے کا مقصد پوری توجہ سے جلسہ سننا اور روحانی فائدہ اٹھانا ہے۔ اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ کریں اور مدت ویزا ختم ہونے سے پہلے واپس چلے جائیں۔

## جلسہ سالانہ برطانیہ 2009ء کا کامیاب انعقاد اور اس پر شکر و حمد الٰہی

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 31 جولائی | 2009ء |
| الفضل | 15 ستمبر | 2009ء |

جلسہ سالانہ برطانیہ کا کامیاب انعقاد، اس کی عالمگیر برکات، کارکنان جلسہ کا شکریہ، محکمہ ہیلتھ اینڈ سیفٹی کا ذکر۔ بعض انتظامی کمیوں کا ذکر۔ الٰہی انعامات پر ہمارے جذبات تشکر پہلے سے بڑھ کر ظاہر ہوں اور تمام محبتوں کا مرکز اللہ تعالیٰ کی ذات بن جائے۔ جلسہ اور ایم ٹی اے کے ذریعے تمام جماعت احمدیہ کو خدا تعالیٰ نے ایک قوم بنا دیا۔

## اللہ تعالیٰ کی صفت رافع حضرت مسیح موعود کے ایمان افروز نشانات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 7 اگست | 2009ء |
| الفضل | 24 ستمبر | 2009ء |

سورۃ المومن آیت 16 کی تلاوت اور اللہ رفیع الدرجات اور بلند شان والا ہے۔ خسوف و کسوف کا نشان۔ حضرت مسیح موعود کو تائید و نصرت کے وعدے اور نشانات اور ان کا شاندار ظہور جو آج تک ہو رہا ہے۔ بڑوں کی قربانیوں اور اخلاص کو ہمیشہ یاد رکھیں۔ چند مرحومین کا تذکرہ۔

## جلسہ سالانہ جرمنی کا افتتاح معرفت، ذکر الٰہی، توبہ و استغفار کی اہمیت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 14 اگست | 2009ء |
| الفضل | 29 ستمبر | 2009ء |

جرمنی کے 34ویں جلسہ سالانہ کا افتتاح۔ جلسہ کے روحانی ماحول پر توجہ دیں۔ والذین جاھدوا فینا کے زمرہ میں شامل ہو جائیں۔ توبہ و استغفار خدا کو پانے کا ذریعہ۔ جلسہ کے کارکنان بھی چلتے پھرتے ذکر الٰہی اور استغفار کرتے رہیں اور مہمانوں سے حسن سلوک سے پیش آئیں۔ اپنی عملی حالت کو ایسا درست کریں کہ غیر بھی تمہاری نیکی، خدا ترسی اور اتقاء کا قائل ہو جائے۔ پاکستان اور ملائشیا کے احمدیوں کے حالات۔ جلسہ ملائشیا کی کامیابی کے لئے دعا کی تحریک۔ طٰہٰ قزق صاحب کی وفات پر ذکر خیر۔

## جلسہ جرمنی کا کامیاب انعقاد اور اظہار تشکر

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 21 اگست | 2009ء |
| الفضل | 6 اکتوبر | 2009ء |

جلسہ جرمنی کا کامیاب انعقاد۔ کارکنان کا شکریہ۔ سفر جرمنی و بیلجیئم کے حالات۔ جلسہ کی حاضری۔ روحانیت سے پُر جلسہ کے بعد اب رمضان میں روحانی ترقی کے لئے کوشش کریں۔ جلسہ کا ایک مقصد دعوت الی اللہ کے راستوں کی تلاش۔ رمضان میں دعاؤں پر زور دیں۔ پاکستان اور دیگر ممالک کے احمدیوں کے حالات اور دعا کی تحریک۔

## رمضان کی اہمیت و برکات نیز مولانا دوست محمد شاہد صاحب کا ذکر خیر

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 28 اگست | 2009ء |
| الفضل | 13 اکتوبر | 2009ء |

رمضان کی اہمیت و برکات۔ دعاؤں کی قبولیت کا خاص مہینہ۔ رمضان تقویٰ اور قرب الٰہی کے اعلیٰ معیاروں کو حاصل کرنے کا ذریعہ۔ حضرت مولانا دوست محمد شاہد صاحب مؤرخ احمدیت کی وفات ان کے حالات و خدمات کا تفصیلی تذکرہ۔ مولانا تاریخ احمدیت کے مصنف ہی نہیں تاریخ احمدیت کا ایک باب تھے۔

## رمضان اور قرآن کا گہرا تعلق۔ تلاوت و تعلیم قرآن کی اہمیت و برکات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 4 ستمبر | 2009ء |
| الفضل | 20 اکتوبر | 2009ء |

سورۃ البقرہ آیت 186 کی تلاوت، قرآن اور رمضان کا گہرا تعلق، قرآن حقیقی برکات کا سرچشمہ، نجات کا ذریعہ اور کامیابیوں کی کلید ہے۔ قرآن پڑھنے کے آداب، قرآن پر تدبر اور غور کرنے کی تلقین، قرآن کو سمجھیں اور پھر اس پر عمل کریں۔

## محاسن قرآن کریم اور اس کی برکات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 11 ستمبر | 2009ء |
| الفضل | 27 اکتوبر | 2009ء |

سورۃ الحشر کی آیت 22 کی تلاوت۔ قرآن کو پڑھنے والا ہمیشہ ہدایت کے راستے پر گامزن رہتا ہے۔ قرآن کریم حسین اور جمیل ترین ہے۔ تمام صداقتیں اس میں ہیں۔ محبت الٰہی کے لئے ضروری ہے کہ انسان تکبر اور بڑائی کو چھوڑ کر عاجزی اور انکساری اختیار کرے۔ ساری کتابیں چھوڑ دو اور دن رات کتاب اللہ ہی کو پڑھو۔

## جمعہ کی اہمیت و فضائل

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 18 ستمبر | 2009ء |
| الفضل | 17 نومبر | 2009ء |

سورۃ الجمعہ آیات 10 تا 12 کی تلاوت۔ جمعۃ الوداع کا ہی نہیں تمام جمعوں کا استقبال اتنا ہی ضروری ہونا چاہئے۔ جمعہ کے فضائل، برکات اور اہمیت پر دینی تعلیمات اور ارشادات۔ جمعہ میں قبولیت دعا کی گھڑی۔

## عبادات بجالانے والوں کی ہی حقیقی عید ہے

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ عید الفطر | 21 ستمبر | 2009ء |
| خلاصہ الفضل | 26 ستمبر | 2009ء |

سورۃ البقرہ آیات 209,208 کی تلاوت۔ رمضان نے جو درس دیا عید اسی جذبہ کے عہد سے منا رہے ہیں۔ اطاعت کے جذبہ سے خدا کی رضا کی جستجو والوں کو جنت ملتی ہے۔ حقیقی عید یہی ہے کہ پاک تبدیلیوں کے عہد پر عمل شروع کر دیا جائے۔ نماز قائم کرنے والے اور پاک تبدیلیاں مستقل اختیار کرنے والوں کی ہی حقیقی عید ہے۔ حقوق اللہ کے ساتھ حقوق

العباد کی ادائیگی بھی عید کا حصہ ہے۔

## عباد الرحمان کی خصوصیات اور ان کو اپنانے کی تلقین

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 25 ستمبر | 2009ء |
| الفضل | 3 نومبر | 2009ء |

سورۃ رحمان آیت 64 تا 77 کی تلاوت و ترجمہ۔ عباد الرحمان کی خصوصیات۔ رمضان نے جو ہمیں عباد الرحمٰن بننے کے اسلوب سکھائے ان پر عمل کرتے ہوئے اپنی راتوں کو عبادت سے سجائیں۔ عباد الرحمان کی 13 خصوصیات کا بیان اور ان پر عمل کی تلقین۔

## صبر اور صلوٰۃ کی تشریح اور تلقین

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 2 اکتوبر | 2009ء |
| الفضل | 11 نومبر | 2009ء |

سورۃ البقرہ آیات 154 تا 158 کی تلاوت۔ صبر و صلوٰۃ کی تشریح اور صبر و صلوٰۃ کا دامن پکڑنے کی نصیحت۔ ابتلاء میں ثابت قدمی مومن کا شیوہ ہے۔ دعا میں اضطراب قبولیت دعا کی علامت ہے۔ خدا پاک ہے اس سے تعلق پیدا کرنے کے لئے خود پاک ہونا ضروری ہے۔ قربانی کرنے والے ضائع نہیں ہوتے۔ چند مرحومین کا تذکرہ۔

## اللہ تعالیٰ کی صفت قوی کا بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 9 اکتوبر | 2009ء |
| الفضل | 24 نومبر | 2009ء |

صفت قوی کی تشریح اور اس کے مختلف پہلوؤں پر روشنی۔ اللہ تعالیٰ کو تمام طاقتوں والا اور قوی سمجھنے والے اللہ کے فضلوں کے وارث بنتے ہیں۔ محبت الٰہی پیدا کرنے کے طریقے۔ سچے دل سے نمازیں پڑھیں اور دعاؤں میں لگے رہیں۔ حضرت مسیح موعود کے ساتھ اللہ کے وعدے۔

## اللہ تعالیٰ کی صفت متین کی پُر معارف تشریح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 16 اکتوبر | 2009ء |
| الفضل | 2 دسمبر | 2009ء |

صفت متین کا ذکر۔ یہ صفت تین جگہوں پر قرآن میں بیان ہوئی۔ متین خدا ظالموں اور مشرکوں کی سخت گرفت کرنے والا ہے۔ خدا ڈھیل دیتا ہے تا نیک فطرت لوگ سمجھ جائیں اور بچ جائیں۔ متین خدا آنحضرتؐ کی شان بلند کرتا چلا گیا۔ دعا کا ہتھیار استعمال کریں۔ پاکستان کی سالمیت اور بقا کے لئے دعا کی تحریک۔

## اللہ تعالیٰ کی صفت ولی کا تذکرہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 23 اکتوبر | 2009ء |
| الفضل | 8 دسمبر | 2009ء |

صفت ولی کا بیان۔ لغوی معانی اور پُر معارف تشریح۔ خدا جس کا مولیٰ ہو اسے اندھیروں سے نور کی طرف لے جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تائید و نصرت کے ذریعہ اپنے ولی ہونے کا اظہار فرمادیا۔ اب ہمیں حقیقی عبد بننا ہے۔ 74ء اور 84ء کے حالات اور خدائی تائید نصرت، چند مرحومین کا تذکرہ۔

## صفت ولی اور والی کا بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 30 اکتوبر | 2009ء |
| الفضل | 15 دسمبر | 2009ء |

گزشتہ جمعہ کے مضمون کا تسلسل۔ آیات قرآنی کی روشنی میں صفت ولی کی تشریح۔ اللہ کے فرشتے اس کے بندوں کی ظاہری و باطنی ہر لحاظ سے حفاظت کرتے ہیں۔ حقیقی مولیٰ کو تلاش کریں جو اپنے بندے کا محافظ و مددگار رہے۔

## تحریک جدید کے نئے سال کا اعلان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 6 نومبر | 2009ء |
| الفضل | 22 دسمبر | 2009ء |

تحریک جدید کے نئے مالی سال کا اعلان۔ تحریک جدید کے قیام کا مقصد اور اس کے نیک نتائج۔ نیکیاں پھیلانے اور برائیاں روکنے کی ذمہ داری، تحریک جدید کے 75 سال، کوائف تحریک جدید، پاکستان اول، امریکہ دوم اور جرمنی تیسرے نمبر پر رہا۔

## اولیاء اللہ کی علامات اور صفات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 13 نومبر | 2009ء |
| الفضل | 29 دسمبر | 2009ء |

سورۃ یونس آیات 63 تا 65 کی تلاوت۔ اولیاء اللہ کی حالت اور صفات کا تذکرہ۔ اولیاء ایمان و تقویٰ کا نمونہ ہیں جس کی اعلیٰ ترین مثال آنحضرتؐ کی ذات ہے۔ خشیت، قناعت، نرم خوئی، اسراف سے بچنا اولیاء کی علامات ہیں۔ رضاء الٰہی کے لئے محبت و پیار، احترام و اطاعت نظام اور خلافت سے مضبوط تعلق پیدا کرنا ضروری ہے۔

## اللہ کے ولی بنیں

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 20 نومبر | 2009ء |
| الفضل | 5 جنوری | 2010ء |

سورۃ العنکبوت آیت 42 کی تلاوت۔ اللہ کو چھوڑ کر غیر اللہ سے دوستی کرنے والے مثل عنکبوت اور برا انجام رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جماعت کو ایسی قوم بنانا چاہتا ہے جس کے نمونے سے لوگوں کو خدا یاد آئے۔ ایک مومن کے لئے روحانیت اور تقویٰ انتہائی اہم چیز ہے۔ ولی بنیں ولی پرست نہ بنیں۔

## صفت ولی کا جاری مضمون

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 27 نومبر | 2009ء |
| الفضل | 12 جنوری | 2010ء |

اللہ کے قرب کا سب سے اعلیٰ مقام آنحضرتؐ کو ملا۔ آپؐ کی پیدائش سے وفات تک اللہ آپؐ پر اپنے ولی ہونے کے نظارے دکھاتا رہا۔ رفقائے مسیح موعود کے واقعات جن میں اللہ نے ان کے ساتھ ولی ہونے کا ثبوت دیا۔ اولیاء اللہ اطفال اللہ کا رنگ رکھتے ہیں۔ دو مرحومین کا تذکرہ۔

## ابراہیمی قربانی کی یاد اور قربانی کا فلسفہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ عید الاضحیٰ | 28 نومبر | 2009ء |
| خلاصہ الفضل | 3 دسمبر | 2009ء |

یہ عید حضرت ابراہیمؑ، حضرت ہاجرہؑ اور حضرت اسماعیلؑ کی قربانی کی یاد میں مناتے ہیں اور حج بیت اللہ بھی کرتے ہیں۔ توحید کے قیام کے لئے معاشرے میں امن کے لئے قربانی دینی پڑتی ہے۔ قربانی کے عہد کی تجدید کا دن ہم نے ایسی بامقصد قربانیاں دینی ہیں جو دین کا جھنڈا دنیا میں گاڑنے کے لئے ہوں۔ خطبہ حجۃ الوداع دنیا میں قیام امن کا اعلان تھا۔ جان کی قربانی دینے والے احمدی زندہ ہیں۔

## اللہ تعالیٰ کی صفت النور کا تذکرہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 4 دسمبر | 2009ء |
| الفضل | 19 جنوری | 2010ء |

اللہ تعالیٰ کی صفت النور کا ذکر۔ اللہ زمین و آسمان کا نور ہے اور آنحضرتؐ نور الٰہی کا پرتو بن کر دنیا میں ظاہر ہوئے۔ نور خداوندی سے حقائق الاشیاء کا علم ہوتا ہے اور اولیاء اللہ اس سے منور ہوتے ہیں۔ سورۃ البقرہ آیت 258 اور سورۃ نور آیت 36 کی تشریح۔ آنحضرتؐ نے اللہ سے ملنے والے نور کو صحابہ رسول میں منتقل کیا۔ آج دنیا میں امن کا قیام حضرت مسیح موعود سے وابستہ ہے۔

## صفت نور کا مزید بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 11 دسمبر | 2009ء |
| الفضل | 26 جنوری | 2010ء |

گزشتہ جمعہ کے مضمون کا تسلسل اور صفت نور کا آیات قرآنی کی روشنی میں بیان۔ خدا کے نور کی شعاعوں کا انعکاس ہمیں مادی اور روحانی زندگی میں بھی نظر آتا ہے۔ علوم و معارف کا خزانہ آنحضرتؐ اور قرآن ہیں۔ جنہیں سمجھنے کے لئے آنکھ میں نور پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ اللہ کی رضا کے حصول میں اعلیٰ ترین نمونہ آنحضرتؐ کے بعد آپؐ کے صحابہ نے دکھایا۔

## بیت نور فرینکفرٹ جرمنی کے پچاس سال اور صفت نور کا تذکرہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 18 دسمبر | 2009ء |
| الفضل | 2 فروری | 2010ء |

بیت نور فرینکفرٹ جرمنی کی پچاس سالہ تقریبات کے سلسلہ میں بیت نور میں خطاب۔ بیت نور میں منعقدہ استقبالیہ میں شمولیت کا ذکر۔ بیوت الذکر اعلیٰ اخلاق اور حقوق اللہ و حقوق العباد کی طرف قدم بڑھانے کا نشان ہیں۔ سوئٹزرلینڈ میں میناروں کی تعمیر کے خلاف قانون کے خلاف جماعت کا سیاستدانوں سے رابطہ اور مساعی۔ صفت نور کا ذکر۔ مومنین کی صفات۔ آئندہ بیوت الذکر میں استقبالیہ وغیرہ کی دعوت طعام کی اجازت نہ ہوگی یہ ہدایت تمام دنیا کے لئے ہے۔

## صفت نور کا مزید بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 25 دسمبر | 2009ء |
| الفضل | 9 فروری | 2010ء |

سورۃ الزمر آیت 23 کی تلاوت و تشریح۔ نور ہدایت آنحضرتؐ کے اسوہ اور قرآن کی تعلیم پر عمل کے ذریعہ ہی مل سکتا ہے۔ نماز یاد الٰہی کا ذریعہ ہے۔ اطمینان و سکینت قلب کے لئے نماز سے بڑھ کر اور کوئی ذریعہ نہیں۔ اللہ ہدایت کے سامان مہیا کرتا ہے اور اپنے نور سے منور کر کے خاص بندے بھیجتا ہے۔ جلسہ قادیان کے کامیاب انعقاد کے لئے دعا کی تحریک۔

# خطبات جمعہ 2009ء کے علاوہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کے دیگر خطابات مطبوعہ الفضل 2009ء

| خطاب | مطبوعہ الفضل | عنوان |
|---|---|---|
| 15فروری2009ء | 18فروری2009ء | جماعت احمدیہ بنگلہ دیش کے جلسہ سالانہ سے لندن سے خطاب کا خلاصہ۔قادر وتوانا خدا سے ایسا دل لگائیں کہ باقی رشتے ہیچ ہوں۔دین حق محبت و پیار کا نام ہے اس پیغام کو دنیا میں پھیلائیں۔ |
| 5/اکتوبر2008ء | 4مارچ2009ء | سالانہ اجتماع خدام الاحمدیہ یوکے سے اختتامی خطاب۔ احمدی طلباء ریسرچ اور سائنس میں آگے آئیں۔ دعوت الی اللہ کے لئے عملی نمونے دکھائیں۔ نوجوان قوموں کی حفاظت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔نوجوانوں کو تعمیری کاموں میں مصروف کریں۔ |
| 22/اکتوبر2008ء | 12مارچ2009ء | برطانیہ کے ہاؤسز آف پارلیمنٹ میں منعقدہ تقریب سے تاریخی خطاب۔ خلافت احمدیہ دنیا میں امن وآشتی کی علمبردار رہے گی۔ دنیا کی بے چینی امن ومحبت اور انصاف سے دور کی جاسکتی ہے۔ عدل وانصاف کے تقاضے۔سود کی بیماری سے امن وسکون تباہ ہورہا ہے۔ |
| مارچ2009ء | 30مارچ2009ء | مجلس شوریٰ پاکستان 2009ء کے لئے خصوصی پیغام اپنی حفاظت کے ظاہری اسباب بروئے کار لائیں۔ حکمت عملی سے دعوت الی اللہ کریں۔ عہدیداران احباب جماعت سے محبت و پیار کا سلوک کریں۔ مالی قربانی کی طرح عبادت کے میدان میں بھی دنیا کی صف اول میں آجائیں۔ |
| 24ستمبر2004ء (خطبہ جمعہ) | 31مارچ2009ء | ہر احمدی خود بھی اور اپنے بیوی بچوں کو بھی قرآن کریم پڑھنے اور تلاوت ترجمہ تفسیر کی طرف متوجہ ہو۔ خدا کا کلام سمجھ کر اس کلام کو پڑھیں۔ |
| 27مئی2009ء | 3جون2009ء | جلسہ سالانہ قادیان سے اختتامی خطاب کا خلاصہ جلسہ سالانہ کے اغراض و مقاصد۔جلسہ کا بڑا مقصد معرفت الٰہی میں ترقی ہے۔اس کے لئے کوشش کریں دین کی خوبصورت تعلیم اور آنحضرتؐ کے اسوہ حسنہ سے دنیا کو آگاہ کرنا ضروری ہے تاکہ امن اور صلح کی فضا پیدا ہو۔ قادیان کے جلسہ کی اہمیت۔ |
| 7مارچ2009ء | 5جون2009ء | بسلسلہ خلافت جوبلی لارڈ پرووسٹ کی دعوت پر گلاسگو کے سٹی چیمبر میں حضور کا خطاب۔ نظام خلافت اللہ کی مدد سے قائم ہوا۔حضرت مسیح موعود کے آنے کا مقصد۔ دنیا میں قیام امن کے لئے انصاف ضروری ہے۔جنگی اخراجات دنیا کی معیشت تباہ کررہے ہیں۔ مالی وسائل کا بحران سے دنیا میں اضطراب۔ امیر ممالک غریب ممالک کے لئے انصاف اوراحسان کی پالیسی اپنائیں۔ |
| 21مارچ2009ء | 17جون2009ء | پیس کانفرنس بیت الفتوح مورڈن سے خطاب۔اقوام متحدہ انصاف کی اعلیٰ قدروں کا قیام چاہتی ہے تو اسے طاقتور اور کمزور دونوں کو یکساں حقوق دینے ہوں گے۔ دنیا کے اضطراب کی وجہ خالق کو بھلا دینا ہے۔مہنگائی، بیروزگاری، مالی بحران بھی اضطراب کا باعث ہے۔ |
| 19جولائی2009ء | 29جولائی2009ء | معائنہ انتظامات جلسہ یوکے کے موقع پر خطاب۔ مستعدی اور خوش اخلاقی سے خدمت کریں۔شعبہ صحت، صفائی کے بارہ میں خصوصی توجہ، دعاؤں پر زور دیں۔ |
| 24جولائی2009ء | 30جولائی2009ء | جلسہ سالانہ یوکے 2009ء افتتاحی خطاب کا خلاصہ جلسہ کی غرض تقویٰ کا قیام حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی روحانی معیار بلند کریں۔حضرت مسیح موعود سے سچا تعلق بھی اللہ کی رسی ہے اس کو مضبوطی سے تھامیں اور خلافت کو بھی۔ |
| 25جولائی2009ء | 31جولائی2009ء | جلسہ سالانہ برطانیہ 2009ء خواتین سے خطاب کا خلاصہ احمدی عورت کا تقدس اور مقام ہے جسے قائم رکھنا اس کا فرض ہے۔ مائیں بچپن سے بچوں کے کانوں میں اچھائی برائی کی تمیز ڈالیں اور احمدیت کی اہمیت بتائیں۔تربیت اولاد |
| 26جولائی2009ء | یکم اگست2009ء | جلسہ سالانہ برطانیہ 2009ء سے اختتامی خطاب کا خلاصہ اللہ تعالیٰ لازوال قدرتوں کا حامل ہے۔اس کے فرشتے آج بھی اترتے ہیں۔اللہ نے حضرت مسیح موعود کو ہمیشہ تائید سے نوازا۔شہد کی مکھی کی مثال حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کی تلقین۔ دعوت الی اللہ کی ذمہ داریاں اور توجہ۔ |
| 25جولائی2009ء | 3/اگست2009ء | جلسہ سالانہ برطانیہ دوسرے روز کے خطاب کا خلاصہ۔ سال رواں میں افضال الٰہی کا تذکرہ۔ 195 ممالک میں پودا 399 نئی بیوت الذکر، 106 مشن ہاؤسز، 531 نئی جماعتیں، موصیان ایک لاکھ پانچ ہزار۔ ڈاکٹرز کو وقف کی تحریک۔ |
| 16/اگست2009ء | 19/اگست2009ء | جلسہ جرمنی سے اختتامی خطاب کا خلاصہ۔ خاص کوشش اور دعا سے معرفت الٰہی کے راستے تلاش کریں۔ جماعت احمدیہ کی قربانیاں دین حق اور انسانیت کے فخر قائم کرنے کے لئے ہیں۔ دعوت الی اللہ کی طرف توجہ۔ پاکستان میں جماعت کی مخالفت میں اضافہ۔ واقفین زندگی کو نصائح۔ |
| 15/اگست2009ء | 20/اگست2009ء | جلسہ جرمنی مستورات سے خطاب کا خلاصہ۔عورت کا مقام۔ پردے کی اہمیت۔نیکیوں میں آگے بڑھیں۔ عورتوں کے حقوق۔ واقفین نو کی تربیت اور والدین کی ذمہ داری۔ |
| 15/اگست2009ء | 2ستمبر2009ء | زیر دعوت جرمن دوستوں سے خطاب کا خلاصہ دین حق پر ہونے والے چند اعتراضات کے جوابات۔ دین جبر سے نہیں پھیلا۔ مذہبی آزادی، مساوات کی دینی تعلیم، عورتوں کے حقوق کا علمبردار مذہب۔حب الوطنی کی تعلیم |
| حضور کا پیغام روحانی خزائن کے نئے ایڈیشن کی اشاعت پر | 26ستمبر2009ء | روحانی خزائن کے کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن کی اشاعت پر پیغام۔مطالعہ کتب مسیح موعود کی اہمیت |

## حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کے دورہ جات کی رپورٹس

| نمبر شمار | نام ملک | رپورٹ مطبوعہ الفضل |
|---|---|---|
| 1 | برطانیہ | 14,12جنوری2009ء |
| 2 | بیلجیئم | 27/اگست،30,26دسمبر2009ء |
| 3 | بھارت | 31,10,9جنوری2009ء |
| 4 | جرمنی | 29,27/اگست۔10,9,3,2ستمبر2009ء |
| 5 | ہالینڈ | 10ستمبر2009ء |

# اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## نمایاں کامیابی

۞ محترمہ امۃ القیوم شمس صاحبہ دارالعلوم وسطی ربوہ لکھتی ہیں۔

میرے پوتے عمیر احمد شمس کلاس نہم ابن مکرم معین الحق شمس صاحب سڈنی آسٹریلیا نے مورخہ 11دسمبر 2009ء کو پلمپٹن ہائی سکول کی ایک تقریب میں اپنے سکول کا سب سے اعلیٰ ایوارڈ Dux of Year9 حاصل کیا ہے جس کے ساتھ اس کو ایک شیلڈ بھی دی گئی ہے۔عزیزم مکرم شیخ غلام احمد صاحب بہاولنگر کا نواسہ، مکرم حافظ مبین الحق شمس صاحب کا پوتا اور محترم میاں محمد یامین صاحب تاجر کتب آف قادیان کی نسل میں سے ہے۔احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو اعلیٰ سے اعلیٰ کامیابی عطا فرمائے اور خدمت دین کی توفیق بخشے۔آمین

## کامیابی

۞ مکرم نصیر احمد فاروقی صاحب کوئٹہ تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مریم فاروقی دی پنجاب سکول لاہور نے وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے منعقد کرائے گئے مضمون نویسی کے مقابلہ میں تحصیل، ڈسٹرکٹ اور ڈویژن لیول پر اول پوزیشن حاصل کی اور 46ہزار روپے نقد انعام کی مستحق قرار پائی۔بچی مکرم حکیم ظفر احمد فاروقی صاحب کوئٹہ کی پوتی، مکرم خواجہ محمد امین صاحب مرحوم کی نواسی اور حضرت مولوی قدرت اللہ صاحب سنوری رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہے۔احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ اعزاز بابرکت کرے اور مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔آمین

## اعلان دارالقضاء

(مکرم نصیر احمد وارث صاحب ترکہ
مکرمہ حلیمہ بی بی صاحبہ)

۞ مکرم نصیر احمد وارث صاحب نے درخواست دی ہے کہ میری والدہ محترمہ حلیمہ بی بی صاحبہ وفات پا چکی ہیں ان کے نام قطعہ نمبر 4 بلاک نمبر 6 محلّہ باب الابواب برقبہ 1 کنال 267 مربع فٹ میں سے 10 مرلے 133.5 مربع فٹ منتقل کردہ ہے۔لہٰذا یہ حصہ خاکسار اور میرے بھائی مکرم بشیر احمد صاحب کے نام بحصص برابر منتقل کر دیا جائے دیگر ورثاء کو اعتراض نہ ہے۔نیز ورثاء مکرمہ خدیجہ بیگم صاحبہ میں سے ایک بیٹی نور صاحبہ ابھی نابالغہ ہے۔اگر بعد بلوغت وہ اپنے حصہ کا تقاضا کرے گی تو ہم دونوں بھائی اور مرزا مبارک احمد صاحب جو کہ نور صاحبہ کے والد ہیں اس کے شرعی حصہ کی ادائیگی کرنے کے پابند ہوں گے۔

### تفصیل ورثاء

1۔مکرم بشیر احمد صاحب (بیٹا)
2۔مکرم نصیر احمد وارث صاحب (بیٹا)
3۔مکرمہ طیبہ یاسمین صاحبہ (بیٹی)
4۔مکرمہ طاہرہ یاسمین صاحبہ (بیٹی)
5۔مکرمہ خدیجہ بیگم صاحبہ مرحومہ (بیٹی)

### ورثاء مرحومہ

(i) مکرم مرزا مبارک احمد صاحب (خاوند)
(ii) مکرمہ انعم رُوپ صاحبہ (بیٹی)
(iii) مکرم ارسلان علی صاحب (بیٹا)
(iv) مکرمہ ماہم رُوپ صاحبہ (بیٹی)
(v) مکرمہ نور صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

## اعلان دارالقضاء

(مکرمہ نسیم اختر صاحبہ ترکہ
چوہدری محمد حسین صاحب مرحوم)

۞ مکرمہ نسیم اختر صاحبہ نے درخواست دی ہے کہ میرے والد محترم چوہدری محمد حسین صاحب وفات پا چکے ہیں ان کے نام قطعہ نمبر 11/11 دارالیمن برقبہ 1 کنال منتقل کردہ ہے۔لہٰذا یہ قطعہ بحصص شرعی درج ذیل ورثاء میں تقسیم کر دیا جائے۔

### تفصیل ورثاء

ورثاء مکرمہ آمنہ بیگم صاحبہ مرحومہ (بیوہ)
1۔مکرمہ نسیم اختر صاحبہ (بیٹی)
2۔مکرمہ بشریٰ بیگم صاحبہ (بیٹی)
3۔مکرمہ خادمہ بی بی صاحبہ (بیٹی)
4۔مکرمہ پروین اختر صاحبہ (بیٹی)
5۔مکرمہ ناصرہ بی بی صاحبہ (بیٹی)
6۔مکرمہ نور صفیہ صاحبہ (بیٹی)
7۔مکرمہ رشیدہ بیگم صاحبہ (بیٹی)
8۔مکرمہ سرداراں بی بی صاحبہ (بیوہ)
9۔مکرم انور حسین صاحب (بیٹا)
10۔مکرم منور حسین صاحب (بیٹا)
11۔مکرم مظفر حسین صاحب (بیٹا)
12۔مکرم ناصر حسین صاحب (بیٹا)
13۔مکرمہ بشارت بیگم صاحبہ (بیٹی)
14۔مکرمہ نصرت طاہرہ صاحبہ (بیٹی)
15۔مکرمہ امۃ المتین صاحبہ (بیٹی)
16۔مکرمہ شاہدہ صاحبہ (بیٹی)
17۔مکرمہ صائمہ کنول صاحبہ (بیٹی)
18۔مکرمہ محمودہ بیگم صاحبہ مرحومہ (بیٹی)

ورثاء مرحومہ

(i) مکرم اعظم صاحب (بیٹا)
(ii) مکرم خالد صاحب (بیٹا)
(iii) مکرم یونس صاحب (بیٹا)
(iv) مکرم منشاء صاحب (بیٹا)
(v) مکرمہ ناصرہ بی بی صاحبہ (بیٹی)
(vi) مکرمہ آنسہ پروین صاحبہ (بیٹی)
(vii) مکرمہ شگفتہ متین صاحبہ (بیٹی)
(viii) مکرمہ طاہرہ متین صاحبہ (بیٹی)
(ix) مکرمہ ریحانہ باسط صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

## شکریہ احباب

۞ مکرم خواجہ عبدالمومن صاحب اوسلو ناروے تحریر کرتے ہیں۔

ماہ جنوری 2010ء میں خاکسار کے والد محترم خواجہ عبدالحیٔ صاحب ربوہ وفات پا گئے تھے۔اس موقعہ پر خاکسار کے گھر پر خاندان حضرت مسیح موعود کے احباب و خواتین اور کثرت سے ربوہ کے دوست احباب تعزیت کیلئے تشریف لاتے رہے اسی طرح کئی احباب نے ٹیلی فون پر بھی تعزیت کی خاکسار اپنی بہنوں اور بھائیوں اور اپنی طرف سے سب کا دلی شکریہ ادا کرتا ہے خدا تعالیٰ سب کو بہترین جزاء عطا فرمائے اور اپنے بیشمار فضلوں سے نوازے آمین احباب جماعت ہم سب کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

## پتہ درکار ہے

۞ مکرم زین جمیل صاحب ولد راؤ جمیل صاحب ساکن P-459 گلی نمبر 7 مصطفیٰ آباد فیصل آباد نے مورخہ 15دسمبر 2003ء سے وصیت کی تھی۔مکرم زین جمیل صاحب کا شروع وصیت سے دفتر سے کوئی رابطہ نہ ہے۔اگر یہ خود یا کوئی عزیز رشتہ دار یہ اعلان پڑھیں تو فوری دفتر وصیت سے رابطہ کریں یا ان کے موجودہ مکمل ایڈریس سے مطلع کریں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

## نماز جنازہ حاضر و غائب

۞ مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری لندن تحریر کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 3فروری 2010ء کو قبل نماز ظہر بمقام بیت الفضل لندن درج ذیل افراد کی نماز جنازہ حاضر و غائب پڑھائی۔

## نماز جنازہ حاضر

### مکرمہ سکینہ بی بی صاحبہ

مکرمہ سکینہ بی بی صاحبہ اہلیہ مکرم غلام نبی صاحب بنت مکرم میاں حسن محمد صاحب مورخہ یکم فروری 2010ء کو 77 سال کی عمر میں بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔آپ حضرت میاں خوشی محمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی پوتی تھیں۔پسماندگان میں چار بیٹیاں اور تین بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔آپ کے ایک بیٹے مکرم نصیر گل صاحب بطور الیکٹریشن جماعت کی خدمت کر رہے ہیں۔

## نماز جنازہ غائب

### مکرم احمد خان باجوہ صاحب

مکرم احمد خان باجوہ صاحب سابق معلم وقف جدید دارالنصر غربی ربوہ مورخہ 11/اکتوبر 2009ء کو 100 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔آپ 1935ء میں بیعت کر کے احمدیت میں داخل ہوئے۔1976ء سے 1986ء تک معلم وقف جدید کی حیثیت سے خدمت کی توفیق پائی۔دعوت الی اللہ کا جنون کی حد تک شوق تھا۔بہت جگہوں پر احمدیت کے نئے پودے لگائے اور 100 سے زائد بیعتیں کروائیں۔بڑے معاملہ فہم اور صابر و شاکر اور قناعت پسند انسان تھے۔

### مکرم چوہدری شاہ محمد صاحب

مکرم چوہدری شاہ محمد صاحب امیر ضلع خیر پور سندھ مورخہ 18جنوری 2010ء کو 91 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔آپ نے اپنے والد کے ساتھ 1935ء میں سندھ آ کر ایک گاؤں آباد کیا جس کا نام حضرت مصلح موعود نے آپ کے والد کے نام پر جمال پور رکھا۔آپ کو خلافت اور خاندان حضرت مسیح موعود سے بے پناہ عشق تھا اور اولاد کو بھی ہمیشہ اسی کی نصیحت کرتے تھے۔نہایت غریب پرور اور مالی خدمت کا جذبہ رکھنے والے مخلص احمدی تھے۔آپ نے اپنے باغ میں سے کچھ پودے غریبوں کیلئے مخصوص کر رکھے تھے۔پھل تیار ہونے پر وہ سارا پھل غریبوں میں تقسیم کر دیتے۔بہت زیرک اور صائب الرائے انسان تھے۔مرحوم موصی تھے۔پسماندگان میں 6 بیٹیاں اور 3 بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔آپ مکرم حمید احمد ظفر صاحب مربی سلسلہ کے والد تھے۔

☆......☆......☆

# خبریں

## شیخ رشید کے انتخابی دفتر پر فائرنگ 3 افراد ہلاک

عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید قاتلانہ حملے میں بال بال بچ گئے۔ شیخ رشید کے انتخابی دفتر پر مسلح افراد نے فائرنگ کی جس کے نتیجے میں 3/افراد ہلاک اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ سمیت 10 زخمی ہو گئے۔

## حکومت کو اعلیٰ عدلیہ میں ججوں کے تقرر کی کوئی جلدی نہیں

وزیراعظم کے مشیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی لطیف کھوسہ نے کہا ہے کہ حکومت کو اعلیٰ عدلیہ میں ججز کی تقرری کے حوالے سے کوئی جلدی نہیں ہے، ججز کی تقرری پسند یا ناپسند کی بجائے آئین و قانون کے تحت کی جائے گی۔

## ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کیلئے ذمہ داریاں نبھائیں گے

وزیراعظم گیلانی نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی والدہ اور بہن فوزیہ صدیقی سے گفتگو کرتے ہوئے انہیں یقین دہانی کرائی ہے کہ حکومت ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کیلئے ذمہ داریاں نبھائے گی۔ حکومت تمام سفارتی اور قانونی کوششیں کرے گی اور ہر طرح سے ان کی مدد کی جائے گی۔

| ربوہ میں طلوع وغروب 10۔فروری | |
|---|---|
| طلوع فجر | 5:28 |
| طلوع آفتاب | 6:53 |
| زوال آفتاب | 12:23 |
| غروب آفتاب | 5:52 |


ضرورت ٹیچرز
لیڈی ٹیچرز اور اسسٹنٹ لیڈی ٹیچرز کی ضرورت ہے جن کی تعلیم F.A اور B.A ہو۔ انگلش میڈیم طریق سے تعلیم یافتہ ٹیچرز کو ترجیح دی جائے گی
فیوچر ریس اکیڈمی 0332-7057090 047-6213194

زدجام عشق -/1200 روپے
زدجام عشق خاص کستوری والی -/6000 روپے
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
Ph:047-6212434

W.B
پروپرائٹر: وقار احمد مغل
Waqar Brothers Engineering Works
Corbide Daies Corbide parts
Silver Brose instruments.
Shop No.4 Shaheen Market Madni Road new Dhurm pura Mustfa Abad Lahore mob:0300-9428050

ماہانہ: ہر سٹوڈنٹ کیلئے 1000 روپے تک انعام
سالانہ امتحانی ٹارگٹ کا حصول یقینی
ٹیوشن: انگلش
سجاد سنٹر ربوہ: 0334-6372030

Ph:6212868
Res:6212867
خالص سونے کے زیورات
Mob: 0333-6706870
میاں اظہر احمد
میاں مظہر احمد
فینسی جیولرز
محسن مارکیٹ اقصیٰ روڈ ربوہ

Rehman Rubber Rollers & Engineering Works
Manufacturers:
Paper, Chip Board and Tanneries Rolls
Marketing Managing Director:
Mujeeb-ur-Rehman
0345-4039635
Naveed ur Rehman
0300-4295130
Band Road Lahore.

اعلان داخلہ
ٹوئنکل سٹار اکیڈمی ربوہ میں نرسری اور پریپ کلاسز میں داخلہ 14 فروری سے شروع ہوگا جو کہ سیٹیں مکمل ہوتے ہی بند کر دیا جائے گا۔ داخلہ فارم دارالنصر اور ناصر آباد کیمپس سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ داخلہ فارم کے ساتھ برتھ سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ کاپی اور دو عدد پاسپورٹ سائز تصاویر منسلک کریں۔ کلاس ون تا 7th کلاس ایڈمیشن 15 مارچ سے ہونگے۔ مزید معلومات اور رجسٹریشن کیلئے آفس سے رابطہ کریں۔
ایڈمنسٹریٹر ٹوئنکل سٹار اکیڈمی ربوہ
6211800-6211872 دارالنصر کیمپس 6213786

FD-10


